Official Website:- https://www.adabikavish.com/ Email Id:- hilalalam74@gmail.com

# کاروان ادب یوٹیوب چینل، مرادآباد یوپی

یوپی ٹی جی ٹی اُردو کے مکمل نصاب پر مبنی
او. ایم. آر. ٹیسٹ.2022

**OMR BASE TEST-2022**

**14 Augst 2022**
**Time: 8:30am to 10:30am**

[Question Paper Booklet]

وقت: دو گھنٹے نمبرات: 400

## امیدواروں کے لیے ہدایت

1۔ یہ صرف پریکٹس ٹیسٹ ہے۔ اس کو اپنی پریکٹس کی غرض سے حل کریں۔

2۔ اس کتابچے میں جملہ 125 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (D) (C) (B) (A) جوابات دیئے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue/Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔

3۔ امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

4۔ اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔

5۔ غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔

6۔ ٹیسٹ میں معلوم کیے گئے سوالات کا اصل امتحان میں آنے کا ہم دعویٰ نہیں کرتے۔ اگر اس طرح کے سوالات آتے ہیں تو یہ محض ایک اتفاق ہوگا۔

7۔ اگر کوئی سوال غلط معلوم کیا گیا ہو تو اس پر نمبر دینے کا فیصلہ ہماری کاروان ادب ٹیم کرے گی۔

8۔ ٹیسٹ کی جوابی کلید اور رزلٹ دو سے تین دن بعد جاری کیا جائے گا۔

9۔ ٹیسٹ میں اگر کہیں کوئی غلطی ہوگئی ہو تو اس کی طرف توجہ ضرور دلائیں تاکہ ہماری اصلاح ہو سکے۔

KARWAN E ADAB

☆☆☆

**Team Karwan E Adab :-** Dr. Tabassum Khan ( Assistant Professor, Govt. PG College Sheopur,M.P.)
Mohd Sabir (Assistant Teacher , Jalalpur, Ambedkar Nagar, UP.
Mohd Hilal Alam , (Mentor) Moradabad, UP.
Mahfooz Alam, (Research Scholar, MJPRU Bareilly)

1۔مرثیے کے اجزائے ترکیبی کے حساب سے ''جنگ'' کا نمبر شمار کیا ہے؟

(a)تیسرا (b)چوتھا (c)پانچواں (d)چھٹا

2۔''شمی'' راجندر سنگھ بیدی کے کس افسانے کا کردار ہے؟

(a)اپنے دکھ مجھے دے دو (b)گرم کوٹ (c)گرہن (d)دس منٹ بارش میں

3۔''سفیر آگرہ'' کس کا اخبار تھا؟

(a)منشی نول کشور (b)مولوی محمد باقر (c)نظیر اکبر آبادی (d)حیات اللہ انصاری

4۔ان میں سے کس شاعر کا تاریخی نام ''منظور الہی'' تھا؟

(a)شوق لکھنوی (b)شہریار (c)محسن کاکوروی (d)جذبی

5۔''صلیبیں مرے دریچے میں'' کی نوعیت کیا ہے؟

(a)شاعری (b)خطوط (c)سوانح (d)افسانہ

6۔رسالہ ''گفتگو'' سے کون وابستہ رہے؟

(a)جوش (b)ظفر علی خاں (c)مولانا محمد علی جوہر (d)علی سردار جعفری

7۔''حبیب لبیب'' کردار کے خالق کون ہیں؟

(a)رتن ناتھ سرشار (b)برج نرائن چکبست (c)رجب علی بیگ سرور (d)عبدالحلیم شرر

8۔کرشن چندر کا پہلا افسانہ ''یرقان'' کس رسالے میں شائع ہوا تھا؟

(a)نیا دور،لکھنؤ (b)ادبی دنیا،لاہور (c)زمانہ،کانپور (d)چاند،الہٰ آباد

9۔کس کی تحریریں انسانی زندگی کے سچے واقعات کی عکاس ہیں؟

(a)حسن نظامی (b)کلیم الدین احمد (c)رجب علی بیگ سرور (d)ولی دکنی

10۔ ''وہم'' کی جمع کیا ہے؟

(a)وہموں (b)اوہام (c)وہما (d)وہام

11۔کس شاعر کے یہاں قنوطیت کا رنگ پایا جاتا ہے؟

(a)مومن (b)غالب (c)جگر (d)فانی

KARWAN E ADAB

12۔انتظار حسین کے افسانے ''زرد کتا'' میں زرد کتے سے کیا مراد ہے؟

(a)موت (b)فرشتہ (c)نفس (d)شیطان

13۔روزنامہ ''انقلاب'' کے بانی کون تھے؟

(a)ظ انصاری (b)عبدالحمید انصاری (c)عبدالمجید انصاری (d)عبدالوحید انصاری

14۔درست محاورے کی نشاندہی کیجئے؟

(a)آب ودانہ اٹھ جانا (b)آب ودانہ ملنا (c)آب ودانہ اٹھانا (d)آب ودانہ گرجانا

15۔قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کا سہ ماہی علمی وتحقیقی رسالہ کون سا ہے؟

(a)فکر وتحقیق (b)فکر ونظر (c)نوائے ادب (d)سب رس

16۔''ادب جو اثرات آسانی سے قبول کرلیتا ہے، زبانیں انہیں دیر میں قبول کرتی ہیں۔'' کس کا جملہ ہے؟

(a)محمود شیرانی (b)احتشام حسین (c)مسعود حسین خاں (d)مرزا خلیل احمد بیگ

17۔اردو کے کس شاعر نے نعتیہ قصائد میں نام پیدا کیا؟

(a)مرزا سودا (b)ذوق (c)محسن کاکوروی (d)حالی

18۔ذیل کے کس شاعر کا آبائی پیشہ سپہ گری تھا؟

(a)سودا (b)شہریار (c)مومن (d)سرور جہاں آبادی

19۔ان میں کون ترقی پسند ناول نگار ہیں؟

(a)سریندر پرکاش (b)عصمت چغتائی (c)رتن ناتھ سرشار (d)رسوا

20۔''ترقی پسند تنقید کا ماڈل اور احتشام حسین'' کس کا مضمون ہے؟

(a)آل احمد سرور (b)ڈاکٹر خلیق انجم (c)شمیم حنفی (d)پروفیسر عتیق اللہ

21۔مجاز کی نظم ہے؟

(a)نذر عطیہ (b)نذر سلمیٰ (c)نذر صفیہ (d)نذر خالدہ

22۔ ''صلیبیں مرے دریچے میں'' کس کی تخلیق ہے؟

(a)جوش (b)فیض احمد فیض (c)مشتاق احمد یوسفی (d)کرشن چندر

23۔گوپی چند نارنگ کی جائے وفات بتائیں؟

(a)کراچی (b)دہلی (c)روس (d)امریکہ

24۔''غالب نامہ'' کیا ہے؟

(a)مرثیہ (b)رسالہ (c)رپورتاژ (d)سوانح

25۔سرسید کو اردو انشا پردازی کا مجدد اور امام کس نے کہا؟

(a)شبلی نعمانی (b)حالی (c)نذیر احمد (d)محمد حسین آزاد

26۔مغربی ہندی کی بولیوں میں شامل نہیں ہے؟

(a)کھڑی بولی (b)ہریانوی (c)بندیلی (d)گجراتی

27۔میر حسن اور میر انیس کے درمیان کیا رشتہ تھا؟

(a)دادا پوتے کا (b)ماما بھانجے کا (c)چچا بھتیجے کا (d)باپ بیٹے کا

28۔اردو ٹائپ رائٹر کے Keyboard کے سلسلے میں کام کرنے والا ادیب؟

(a)ڈپٹی نظیر احمد (b)مرزا رسوا (c)پریم چند (d)کرشن چندر

KARWAN-E-ADAB

29۔''رضیہ'' کا سجاد ظہیر سے کیا رشتہ تھا؟

(a)بیٹی (b)بیوی (c)سالی (d)بہن

30۔"Doctrine Del Amoor'' کے نام سے کس اردو مثنوی کا ترجمہ فرانسیسی زبان میں ہوا؟

(a)سحر البیان (b)کدم راؤ پدم راؤ (c)گلشن عشق (d)گلزار نسیم

31۔مثنوی زہر عشق کس بحر میں ہے؟

(a)بحر خفیف مسدس مخبون مقطوع (b)بحر متقارف (c)بحر ہزج مسدس مخذوف (d)بحر رمل مثمن مخبون مقطوع

32۔''غم دل ربا'' کس مثنوی کا تاریخی نام ہے؟

(a)گلشن عشق (b)سحر البیان (c)علی نامہ (d)زہر عشق

33۔شعرالعجم کی کس جلد میں اردو شاعری سے متعلق بحث کی گئی ہے؟

(a)جلد اول (b)جلد دوم (c)جلد سوم (d)جلد چہارم

34۔''عصمت کے ہاتھوں اردو انشا کو ایک نئی جوانی نصیب ہوئی۔'' بقول؟

(a)ممتاز شیریں (b)پطرس (c)منٹو (d)رشید جہاں

35۔''نقد قاطع برہان'' نام سے کس نے تصنیف لکھی؟

(a)نذیر احمد (b)مرزا غالب (c)محمد حسین تبریزی (d)شیفتہ

36۔ان میں جوش کے مجموعے کی نشاندہی کیجئے؟

(a)گل نغمہ (b)نقش فریادی (c)رامش ورنگ (d)زمین زمین

37۔''موت وحیات'' کس کے مرثیے کا نام ہے؟

(a)حالی (b)جوش (c)انیس (d)دبیر

38۔عزیز احمد نے ارسطو کی بوطیقا کا ترجمہ کس نام سے کیا؟

(a)مغربی شعریات (b)بوطیقا (c)فن شاعری (d)مغربی شاعری

39۔آٹھ مختلف ہیئتوں کے مجموعے کو کیا کہتے ہیں؟

(a)مثمن (b)مسدس (c)رباعی (d)مسمط

40۔''سرتاج شعرائے اردو'' کس شاعر کو کہا جاتا ہے؟

(a)مرزا غالب (b)ولی دکنی (c)میر تقی میر (d)مومن خاں مومن

41۔ان میں کون سا رسالہ لکھنؤ سے نکلتا تھا؟

(a)قومی آواز (b)انقلاب (c)الہلال (d)آج کل

42۔''اردو نے قدیم مغربی ہندی سے ترقی پا کر موجودہ روپ اختیار کیا۔'' بقول؟

(a)نصیر الدین ہاشمی (b)گریسن (c)شوکت سبزواری (d)مسعود حسین خاں

43۔''دوسری شام'' کس کے ڈرامے کا نام ہے؟

(a)آغا حشر کاشمیری (b)امتیاز علی تاج (c)محمد حسن (d)محمد مجیب

44۔گیان پیٹھ ایوارڈ پانے والے شاعر کا نام تلاش کریں؟

(a)جگر مراد آبادی (b)فیض احمد فیض (c)فراق گورکھپوری (d)حسرت موہانی

KARWAN E ADAB

45۔''ادبی اشارے'' کے مصنف کون ہیں؟

(a)سلام سندیلوی (b)احتشام حسین (c)مجنوں گورکھپوری (d)کلیم الدین احمد

46۔رجب علی بیگ سرور کی کس کتاب کا پیش لفظ مرزا غالب نے لکھا؟

(a)سرور سلطانی (b)انشائے سرور (c)شبستان سرور (d)گلزار سرور

47۔''علی نامہ'' کی صنفی حیثیت کیا ہے؟

(a)غزل (b)مثنوی (c)مسدس (d)قصیدہ

48۔''عِلم'' کی جمع کیا ہے؟

(a)اعلام (b)علماء (c)علوم (d)عالمین

49۔ان میں سے ''تقابلی تنقید'' کا نمونہ کون سی کتاب کو کہا گیا؟
(a)مقدمہ شعروشاعری (b)موازنہ انیس ودبیر (c)شعرالعجم (d)کاشف الحقائق

50۔''نشاط خواب'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟
(a)ناصر کاظمی (b)احمد ندیم قاسمی (c)مخدوم محی الدین (d)پروین شاکر

51۔حکومت اتر پردیش کا اردو رسالہ کون سا ہے؟
(a)اردو دنیا (b)نیا دور (c)ایوان اردو (d)گلبن

52۔داستان ''قصہ مہر افروز ودلبر'' کل کتنے حصوں میں تقسیم ہے؟
(a)دو (b)تین (c)چار (d)پانچ

53۔''آرزو بخش'' کس داستان کا کردار ہے؟
(a)باغ وبہار (b)قصہ مہر افروز دلبر (c)فسانۂ عجائب (d)کربل کتھا

54۔رسالہ ''شعروحکمت'' سے کس کا تعلق تھا؟
(a)محمود الٰہی (b)مولانا ابوالکلام آزاد (c)شہریار (d)آل احمد سرور

55۔فسانہ شاہ یمن کا قصہ کس داستان میں پیش کیا گیا؟
(a)باغ وبہار (b)کربل کتھا (c)سب رس (d)فسانہ عجائب

56۔''تنقید شعرالعجم'' کس کی کتاب ہے؟
(a)شبلی نعمانی (b)مسعود حسن رضوی (c)محمود شیرانی (d)مجنوں گورکھپوری

57۔للولال جی کی جائے ولادت کیا ہے؟
(a) گجرات (b)دہلی (c) آگرہ (d)کلکتہ

58۔علی گڑھ تحریک کی فکری بنیادوں کی کتنے حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟
(a)دو (b)چار (c)چھ (d)آٹھ

59۔عقلیت، نیچریت یہ فکری بنیادیں کس تحریک کے ذیل میں آتی ہیں؟
(a)ترقی پسند تحریک (b)علی گڑھ تحریک (c)حلقہ ارباب ذوق (d)جدیدیت

60۔''تحلیل نفسی اور ادبی تنقید'' کس کی تصنیف ہے؟
(a)شبیہ الحسن (b)کلیم الدین (c)مسعود حسن رضوی (d)حنیف نقوی

61۔''اردو کی نئی بستیاں'' کس کی تخلیق ہے؟
(a) گیان چند جین (b)مرزا خلیل احمد بیگ (c) گوپی چند نارنگ (d)شوکت سبزواری

62۔''آب حیات کا تنقیدی مطالعہ'' کس کی کتاب ہے؟
(a)مسعود حسن رضوی (b)احتشام حسین (c)حنیف نقوی (d) گوپی چند نارنگ

63۔''مبالغہ صرف وہیں تک جائز ہے جہاں تک وہ کلام کے اثر میں اضافہ کر سکے۔'' یہ رائے کس کتاب میں درج ہے؟
(a)مقدمہ شعروشاعری (b)ہماری شاعری (c)موازنہ انیس ودبیر (d)شعرالعجم

64۔''ہماری شاعری بلاشبہ اپنے عہد کی تنقید میں اعلیٰ درجے کا کارنامہ ہے۔'' مسعود حسن رضوی کی کتاب ہماری شاعری پر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے یہ بات کس نے کہی؟
(a) گوپی چند نارنگ (b)قمر رئیس (c)خلیق انجم (d) گیان چند جین

KARWAN E ADAB

65۔''قدیم مغربی تنقید'' کس کی تخلیق ہے؟

(a)وہاب اشرفی (b)احتشام حسین (c)آل احمد سرور (d)محمد حسن

66۔ ''غالب کے خطوط'' نام کی کتاب کس نے مرتب کی؟

(a)مرزا محمد عسکری (b)خلیق انجم (c)امتیاز علی عرشی (d)مولوی عبدالحق

67۔کسی ایک چیز کو دوسری چیز کے مانند یا ہم شکل بتایا جانا کیا کہلاتا ہے؟

(a)استعارہ (b)مجاز مرسل (c)تشبیہ (d)حسن تعلیل

68۔آغا حشر کاشمیری کے لکھے ہوئے ڈرامے کون سے ہیں؟

(a)مہابھارت، میٹھا زہر، زہریلا سانپ

(b)اسیر حرص، میٹھی چھری، یہودی کی لڑکی

(c)بھارت کا لال، حسن کی قیمت، کاروان حیات

(d)خون ناحق، گل نارو فیروز، دل فراش

69۔نصرتی کی تخلیق کردہ مثنویاں کون سی ہیں، صحیح زمرہ کی نشاندہی کیجئے؟

(a)گلشن عشق، علی نامہ، تاریخ اسکندری

(b)خوشی نامہ، خوش نغز، شہادت التحقیق

(c)ارشاد نامہ، سکھ سہیلا، مغز مرغوب

(d)محبّ نامہ، گنج مخفی، رموز السالکین

70۔جوش نے 1936 میں دہلی سے کون سا ماہنامہ جاری کیا؟

(a)آج کل (b)کلیم (c)شعلہ و شبنم (d)نیا دور

71۔''مستقل'' اور ''قیصر ہند'' اخبار کس نے جاری کیا؟

(a)جوش (b)حیات اللہ انصاری (c)حسرت موہانی (d)مولانا محمد علی جوہر

72۔کس شاعر کی غزلوں میں انگریزی کی شعری روایت کا پرتو نظر آتا ہے؟

(a)حسرت موہانی (b)عرفان صدیقی (c)مرزا غالب (d)فراق گورکھپوری

73۔''غبار خاطر'' میں کل کتنے خطوط شامل ہیں؟

(a)پندرہ (b)بیس (c)چوبیس (d)تیس

KARWAN E ADAB

74۔''دو کلو آٹا'' یہ صفت کی کون سی قسم ہے؟

(a)صفت ضمیری (b)صفت مقداری (c)صفت عددی (d)کوئی صفت نہیں

75۔نظم ''شعر عجم'' کس کی تخلیق ہے؟

(a)فیض احمد فیض (b)حالی (c)اقبال (d)جوش

76۔دکنی مثنوی ''قطب مشتری'' کے مصنف ملا وجہی کا تعلق کس سلطنت سے تھا؟

(a)عادل شاہی (b)قطب شاہی (c)نظام شاہی (d)بہمنی

77۔درج ذیل میں کون سا جز قصیدے کا حصہ ہے؟

(a)رجز (b)گریز (c)آمد (d)رزم

78۔ دل کو نہ تھے کوچے اوراق مصور تھے
جو شکل نظر آئی تصویر نظر آئی
یہ شعر کس شاعر کا ہے؟
(a)ذوق (b)میر تقی میر (c)داغ (d)غالب

79۔اردو کا پودا سرزمین دکن میں کب لگا؟
(a)1280 (b)1230 (c)1294 (d)1310

80۔حالی کے بارے میں درج ذیل قول کس نقاد کا ہے؟
''اس کے کلام میں عرب شاعروں کا سا فخر آزادی اور مردانہ پن پایا جاتا ہے''
(a)محمود شیرانی (b)عبدالحق (c)عبدالحئی (d)عبدالماجد دریابادی

81۔مندرجہ ذیل میں کون سا ناول بنگال کی انقلابی تحریک، مطالعہ پاکستان، تقسیم ہند اور قیام بنگلادیش کے تناظر میں لکھا گیا ہے؟
(a)آخر شب کے ہم سفر (b)میرے بھی صنم خانے (c)آگ کا دریا (d)خدا کی بستی

82۔ پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی
ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی
اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(a)مراعاۃ النظیر (b)ایہام (c)عاطلہ (d)حسن تعلیل

83۔''دوڑنا،سونا اور کھیلنا اسم کی کون سی قسم ہے؟
(a)اسم جامد (b)اسم مصدر (c)اسم آلہ (d)اسم زماں

84۔کس صنعت کے لغوی معنی ''لپیٹنے اور پھیلانے'' کے ہیں؟
(a)لف ونشر (b)ایہام تضاد (c)تقسیم مسلسل (d)تاکید المدح

85۔کوئی بھی سہ حرفی کلمہ جس کا درمیانی حرف ساکن ہو کیا کہلاتا ہے؟
(a)فاصلہ (b)سبب (c)فاصلہ صغریٰ (d)وتر مفروق

86۔شاعری میں ایسا مبالغہ جو عقلاً اور عادتاً دونوں اعتبار سے محال ہو اسے کیا کہتے ہیں؟
(a)تبلیغ (b)اغراق (c)غلو (d)حسن تعلیل

KARWAN E ADAB

87۔محمد حسین آزاد کی کتاب ''آب حیات'' پہلی مرتبہ کب شائع ہوئی؟
(a)1880 (b)1883 (c)1881 (d)1879

88۔کس کا تعلق دبستان لکھنؤ سے ہے؟
(a)داغ (b)ذوق (c)نصیر (d)انشاء

89۔کس دبستان میں خارجیت پر زیادہ زور دیا جاتا ہے؟
(a)دبستان رامپور (b)دبستان لکھنؤ (c)دبستان دہلی (d)دبستان عظیم آباد

90۔کلثوم اور حلیمہ کا کردار ڈپٹی نذیر احمد کے ناول میں پیش کیا گیا ہے؟
(a)مراۃ العروس (b)توبۃ النصوح (c)بنات النعش (d)ذات شریف

91۔''نشتر ہے رگ دل کا'' سے سرور نے کس داستان کی تاریخ نکالی؟
(a)باغ و بہار (b)فسانہ عجائب (c)بوستان خیال (d)کربل کتھا

92۔مصرع سے شعر مکمل کیجئے:  چھا رہی ہیں جو مری آنکھوں پر

(a)مدتوں بعد صبا آئی ہے

(b)ان گھٹاؤں کو مچل جانے دے

(c)اور کچھ رات کو ڈھل جانے دے

(d)مجھ کو سونے دے، پروانے کو جل جانے دے

93۔ہم نے سینے سے لگایا دل نہ اپنا بن سکا

مسکرا کر تم نے دیکھا دل تمہارا ہو گیا

یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(a)حسرت موہانی (b)فراق گورکھپوری (c)اصغر گونڈوی (d)جگر مرادآبادی

94۔''برق اصلاح'' کس کی نظم ہے؟

(a)اقبال (b)چکبست (c)فیض (d)جوش

95۔ترقی پسند تحریک تنظیمی تعطل میں کب مبتلا ہوئی؟

(a)1953 (b)1956 (c)1958 (d)1951

96۔ترقی پسند تحریک کے پہلے مینی فسٹو پر کس کے دستخط نہیں تھے؟

(a)ڈاکٹر جیوتی گوش (b)ڈاکٹر کے ایس بھٹ (c)ڈاکٹر محمد دین تاثیر (d)منشی پریم چند

97۔ ''بادشاہت کا خاتمہ'' کس کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(a)منٹو (b)کرشن چندر (c)حیات اللہ انصاری (d)انتظار حسین

98۔ناول ''بستی'' میں کل کتنے حصے ہیں؟

(a)سات (b)دس (c)گیارہ (d)پندرہ

99۔''محاورہ'' کس زبان کا لفظ ہے؟

(a)عربی (b)فارسی (c)پشتو (d)انگریزی

100۔دکنی اردو میں 'دھات' کے کیا معنی ہیں؟

(a)سونا چاندی (b)طرح (c)دھوبی (d)دھرم

101۔''انگارے'' میں شامل افسانہ ''نیند نہیں آتی'' کس کی تخلیق ہے؟

(a)عصمت چغتائی (b)رشید جہاں (c)احمد علی (d)سجاد ظہیر

KARWAN E ADAB

102۔درج ذیل میں کس کا شمار ماہر غالبیات میں ہوتا ہے؟

(a)گیان چند جین (b)رشید حسن خاں (c)مالک رام (d)سیدہ جعفر

103۔''بال و پر'' کس کی تصنیف ہے؟

(a)مشتاق احمد یوسفی (b)احمد جمال پاشا (c)مجتبیٰ حسین (d)کنہیالال کپور

104۔''اردو صرف ونحو'' کس کی کتاب ہے؟

(a)شمس الرحمٰن فاروقی (b)رشید حسن خاں (c)مولوی عبدالحق (d)مسعود حسین خاں

105۔بھرت منی نے رس کی کتنی قسمیں بتائی ہیں؟

(a)سات (b)آٹھ (c)دس (d)گیارہ

106۔باغ و بہار میں تیسرا درویش کہاں کا رہنے والا تھا؟

(a)روم (b)فارس (c)عجم (d)چین

107۔ایک اندھے فقیر کا قصہ کس داستان میں بیان ہوا ہے؟

(a)باغ و بہار (b)فسانہ عجائب (c)رانی کیتکی کی کہانی (d)آرائش محفل

108۔کس صنف میں مافوق الفطری عناصر عموماً موجود ہوتے ہیں؟

(a)ناول (b)افسانہ (c)مثنوی (d)ڈراما

109۔حالی نے سب سے کار آمد صنف کس کو کہا ہے؟

(a)قصیدہ (b)مثنوی (c)مرثیہ (d)غزل

110۔میر کے کلام کی شرح کس نے لکھی؟

(a)رشید حسن خاں (b)مولوی عبدالحق (c)مجنوں گورکھپوری (d)شمس الرحمٰن فاروقی

111۔مجتبیٰ حسین کی وفات کس شہر میں ہوئی؟

(a)دہلی (b)حیدرآباد (c)لکھنؤ (d)الہٰ آباد

112۔عزیز احمد کے ناول کی نشاندہی کیجئے؟

(a)انقلاب (b)شبنم (c)پانچ لوفر (d)مٹی کے صنم

113۔آب حیات کے چوتھے دور میں کس شاعر کا ذکر ہے؟

(a)میر درد (b)میر تقی میر (c)میر سوز (d)میر حسن

114۔''تحقیق کا فن'' کی تخلیق ہے؟

(a)وزیر آغا (b)تنویر احمد علوی (c)گوپی چند نارنگ (d)گیان چند جین

115۔''رہبر تحقیق'' کو کس نے مرتب کیا؟

(a)رشید حسن خاں (b)شبیہ الحسن (c)مولوی عبدالحق (d)گیان چند جین

116۔''وہ فعل جس کا اثر صرف فاعل تک محدود رہے۔''؟

(a)فعل لازم (b)فعل متعدی (c)فعل معروف (d)فعل مجہول

117۔وہ اضافت جس کے جملے میں کوئی بات عام ہو مگر اس کی وضاحت کرکے اس کو مخصوص کر دیا جائے؟

(a)اضافت تملیکی (b)اضافت توضیحی (c)اضافت ظرفی (d)اضافت تخصیصی

KARWAN E ADAB

118۔'' آپ کیا کھائیں گے'' اس میں کون سا ضمیر ہے؟

(a)ضمیر موصولہ (b)ضمیر استفہامیہ (c)ضمیر تنکیر (d)ضمیر اشارہ

119۔''مالی'' کا مونث کیا ہوگا؟

(a)مالیاں (b)مالوں (c)مالنی (d)مالن

120۔''پھولا نہ سمانا'' محاورے کا مطلب کیا ہوگا؟

(a)پیٹ بھر جانا (b)دکھی ہونا (c)بہت خوش ہونا (d)تعریف سننا

121۔ اڑتے ہوئے بالائے ہوا برف کے چھالے دیکھے جو کوئی دور سے یہ روئی کے گالے

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(a)تشبیہ (b)استعارہ (c)کنایہ (d)مجاز مرسل

122۔ پھر میں نظر آیا نہ تماشا نظر آیا
جب تو نظر آیا مجھے ۔۔۔ نظر آیا
خالی جگہ کو پر کیجئے؟

(a)سونا (b)جگر (c)تنہا (d)محبوب

123۔سات سماوات کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(a)کیفی اعظمی (b)جوش (c)کلیم عاجز (d)عرفان صدیقی

124۔ناول فسانہ آزاد کس سن میں شائع ہوا؟

1879(a) 1880(b) 1882(c) 1884(d)

125۔'نئی غزل' نام سے کس نے کتاب لکھی؟

(۱)ڈاکٹر فرحت کمال (۲)فراق گورکھپوری (۳)عباداتبریلوی (۴)فرمان فتح پوری

☆☆ختم شد☆☆

ٹیسٹ کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار ضرور کریں

(TEAM KARWAN-E-ADAB)

KARWAN E ADAB